میڈیا آفس
حزب التحریر
ملائیشیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعہ، 17رجب، 1438ھ | 14/04/2017 | نمبر: HTM/PR/06/1438

حزب التحریر کے رکن کو دعوت پر مبنی تحریر تقسیم کرنے پر جے اے آئی ایس نے مقدس مہینے میں گرفتار کرلیا!

سلیگور اسلامی مذہبی ادارے کے چار افسران نے حزب التحریر ملائیشیاء کے 49 سالہ رکن ازمی رحمان بن مت زونی کو مسجد النہدہ الاسلام سے اس وقت گرفتار کیا جب وہ حزب التحریر ملائیشیاء کی جانب سے جاری دعوت پر مبنی ہفتہ وار تحریر "نہدہ سوتون" تقسیم کررہے تھے۔ اُنہیں 1995 ایکٹ شریعہ کرمنل آفنس کے سیکشن 18، شاہ آلم ،سلیگور زیر سیکشن 12 سی، مفتی کے حکم کی توہین اور فتوے کے خلاف عمل کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ یہ فتویٰ حزب التحریر کے خلاف سلیگور فتوی کمیٹی کی جانب سے ستمبر 2015 کو جاری ہوا تھا جو مکمل توہین، جھوٹ اور الزامات پر مبنی تھا۔ گرفتاری کے بعد ازمی رحمان کو جے اے آئی ایس کے ہیڈ کوارٹر شاہ آلم لے جایا گیا جہاں ان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا اور بعد میں انہیں اس ضمانت پر چھوڑا گیا کہ وہ دوبارہ تفتیش کے لیے 17 اپریل 2017 کو حاضر ہوں گے۔ جے اے آئی ایس نے اس کے علاوہ 7 دسمبر 2017 کو عدالت میں پیش ہونے کی تاریخ مقرر کی ہے۔

اپنے اس حالیہ اقدام سے جے اے آئی ایس نے حکم شرعی اور فتوے سے متعلق حزب التحریر کی جانب سے داخل کرائی گئی عدالتی نظر ثانی کی درخواست کو ٹھکراتے ہوئے، جو ابھی تک شرعی عدالت عالیہ شاہ آلم میں چل رہی ہے، ایک بار پھر حزب التحریر کے خلاف ظالمانہ رویہ اختیار کیا ہے۔ حزب التحریر کی جانب سے فتوے پر اٹھائے گئے سوالات کا جواب دینے میں بھی سلیگور مذہبی ادارے ناکام رہے ہیں اور اس کے بجائے وہ حکم شرعی کے خلاف طاقت کا استعمال کرتے ہوئے گرفتاریوں کے ذریعے حزب التحریر کے ارکان کو دبانے کی کوشش کررہے ہیں۔ فتوے کے ذریعے حزب التحریر پر جھوٹ گھڑنے کے بعد انہوں نے اللہ کے سامنے بلا شرم وخوف حزب التحریر کے رکن کو اس وقت گرفتار کیا جب وہ اللہ کے راستے میں دعوت دے رہے تھے اس عمل کے دوران اسلام کی نظر میں ممنوع قرضہ جات سے متعلق تحریر سلیگو مسجد میں تقسیم ہونے سے رہ گئی۔ اس کے علاوہ کتنے ہی بت خانے، جوئے خانے، مساج خانے، انٹرٹیمنٹ کے ادارے، شراب بنانے والے کاروبار اور اس کے علاوہ غلط کاریوں کو سلیگور میں "سلیگور مذہبی اداروں" کی جانب سے کھلی چھوٹ ہے۔

اے سلیگور مذہبی ادارے کے لوگو! کیا تم نے ہمارے "ستون نہدہ" تحریر پر نظر ڈالی ہے جسے تم نے ہمارے رکن سے چھینا اور جس کا عنوان تھا "ٹیکو کریٹ حکومت: غلیظ جمہوریت پر پردہ ڈلنے کے لیے ناپاک الکوحل کی خوشبو"۔ ہمیں بتاؤ اس کا وہ کون سا حصہ ہے جو اسلام کے خلاف ہے؟ اگر ہے تو ہمیں ضرور بتاؤ تا کہ ہم انشاء اللہ اپنی غلطیوں کو درست کریں لیکن اگر کوئی نہیں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ تم نے ہمارے رکن کو گرفتار کرکے، جو سچ کا پرچار کررہا تھا، ایک غیر شرعی عمل کیا ہے۔ کیا تمہارے پاس دلائل ختم ہوچکے ہیں کہ ہمارے رکن کی جانب سے تقسیم کیے گئے ایک کاغذ کے ٹکڑے کا جواب تم گرفتاری کی صورت میں دیتے ہو؟ اگر ہمارے لیے تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں ہے تو آخرت میں اللہ کے سامنے تمہاری دلیل کیا ہوگی؟

اے سلیگور مذہبی ادارے کے لوگو! کیا تمہیں احساس ہے کہ تم نے آج جمعہ کے دن، جو تمام دنوں میں سب سے افضل ہے، ہمارے رکن کو گرفتار کرتے ہوئے ایک غیر شرعی عمل کیا ہے؟ اس سے بھی برا یہ کہ تم نے یہ عمل رجب کے مہینے میں کیا جو اللہ کے نزدیک ایک مقدس مہینہ ہے جس میں شر اور نیکی کا اجر اللہ کی جانب سے زیادہ ہوجاتا ہے۔ ہم تمہیں باور کراتے ہیں کہ حزب التحریر پر ظلم بہت ہوگیا اور اگر تم نے اس کو نہیں روکا تو تم صرف اللہ کے غضب وغصے کو ہی اپنی طرف دعوت دوگے! غیر حقیقی فتوے، ہماری اقدام پر سختیاں اور ہماری ویب سائٹس کی بندش سے لے کر گرفتاریاں اور ارکان کا عدالت میں چارج کرنے تک یہ سب تمہارے لیے گناہ کے سوا کچھ اچھا نہیں لائے گا۔ اللہ تم پر رحم کرے اور تمھیں معاف کرے۔

حقیقت میں حزب التحریر نے اللہ سے قسم کھا رکھی ہے کہ یہ بغیر کسی سست روی کے فکری اور سیاسی طور پر کام کرے گی جب تک اللہ کا حکم اس زمین پر پورا نافذ نہ ہو جائے۔

حزب التحریر نے اللہ سے قسم کھا رکھی ہے کہ یہ نبوت کے طریقے پر دوبارہ خلافت راشدہ قائم کرے گی جس کے نیچے تمام مسلمان متحد رہیں گے اور نبی ﷺ کی ڈھال یعنی خلافت کے جھنڈے تلے متحد رہیں گے۔ حقیقت میں حزب التحریر تمہاری اور اس امت کی اچھائی کے لیے کام کررہی ہے اور اس عمل کے نتیجے میں ہمیں کچھ نہیں

Khilafah Center, 47-1, Jalan 7/7A, Seksyen 7, 43650 Bandar Baru Bangi, Selangor.
ویب سائٹ:hizbut-tahrir.org.my, ٹیلی فون:03-8920 1614, فیکس:03-8920 1614
ای میل: info@hizbut-tahrir.org.my فیس بک:Hizbut Tahrir Malaysia
ٹیلیفون و فیکس نمبر:03-89201614,
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info

چاہیے سوائے اللہ کی خوشنودی اور اس کی جنت کے۔ اس نیک کام میں اپنے ہاتھ حزب التحریر کی مدد کے لیے آگے بڑھاؤ اور دعوت کے راستے میں رکاوٹ مت بنو، جس کا نتیجہ صرف دنیا اور آخرت میں ناکامی ہی ہے۔

عبد الحکیم عثمان
ملائیشیا میں حزب التحریر کے ترجمان